سوال

(43) سب سے پہلے وحی الٰہی کب اور کس مقام پر نازل ہوئی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(۱) : سب سے پہلے وحی الٰہی کب اور کس مقام پر نازل ہوئی۔ وحی کے الفاظ اور معنی بتلائیے؟

(۲) وہ کون سا مقدس مقام ہے، جس جگہ شق القمر کا معجزہ ظہور ہوا اور کس سن میں؟

(۳) صلح حدیبیہ کب اور کس جگہ ہوئی اور اس صلح کی شرائط کیا تھیں؟

(۴) وہ مقدس غار کس جگہ ہے جہاں رسول خدا نے ہجرت کے وقت قیام فرمایا، تاریخ ہجرت اور دن لکھئے؟

(۵) مدینہ منورہ کے کن سے قبیلے کے لوگوں نے سب سے پہلے اور کہاں اسلام قبول فرمایا؟

(٦) سب سے پہلے جمعہ کی نماز کب اور کہاں پڑھی گئی؟

(۷) ہجرت سے قبل قریش مکہ کے کن کن لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے قتل کا منصوبہ بنایا تھا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) : مکہ مکرمہ کے اس ٹیلے پر جس کو حرا کہتے ہیں :

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ

’’(تو پڑھ) اپنے رب کے نام سے جو کہ خالق کائنات ہے اور جس نے انسان کو لوتھڑے سے پیدا کیا۔‘‘

(۲) مکہ میں نبوت کے نویں (۹) سال میں یہ واقعہ پیش آیا۔

(۳) ٦ھ میں حدیبیہ نامی جگہ میں (۱) دس سال تک آپس میں لڑائی نہیں ہوگی۔ (۲) اس سال مسلمان عمرہ کیے بغیر واپس جائیں گے (۳) اگر مسلم مکہ سے آجائے تو اسے واپس کر دیں اور اگر کوئی مسلم مکہ چلا جائے تو واپس نہ ہو گا۔

(۴) ولادت ۵۴ ویں سال اور نبوت کے چودھویں سال میں سوموار کے دن غار ثور میں قیام فرمایا۔

(۵) خزرج قبیلہ کے لوگوں نے سب سے پہلے عقبہ نامی جگہ میں اسلام قبول کیا۔

(٦) آپ سوموار سے جمعرات قباء میں بنی عمرو بن عوف کے پاس رہے اور بنی سالم بن عوف کی مسجد میں جو جبل عیبہ متصل وادی میں تھی وہاں نماز جمعہ ادا کی۔

(۷) عتبہ، شیبہ، ابوسفیان، حارث، نضر، ابوالبختری، حکیم، ابوجہل، نبیہ، امیہ، اور شیخ عدی (ابلیس) قابل ذکر ہیں۔ (اہل حدیث لاہور جلد نمبر ۱ شمارہ نمبر ۴۳)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد09ص135

محدث فتویٰ